© rasailojaraid.com



ابوسفیان تائب

# حمد باری تعالیٰ

جستجوئے خالقِ ارض وسما کرتے رہو
ربِ کائنات کی حمد و ثنا کرتے رہو

واحد و معبود کی توحید کا اظہار تم
قریہ قریہ بستی بستی برملا کرتے رہو

ساتھ ہے صحراؤں کہساروں اور گلشن میں جو
محسن و مشفق مربّی سے وفا کرتے رہو

معرفت کے نور سے معمور ہو جائے گا دل
بندگی اس ذات کی صبح و مسا کرتے رہو

جو بڑا منعم ہے اور سب کے لیے غفار ہے
ہر عمل اس کے لیے ہی بے ریا کرتے رہو

ہو تمہارا ذکر بھی اللہ کے دربار میں
مجلسِ ذکرِ الٰہی بار ہا کرتے رہو

آخرت میں ظلِّ ربّانی تمہیں بھی ہو نصیب
روز و شب رو رو کے تائبؔ یہ دعا کرتے رہو

© rasailojaraid.com